MCB-ARIF HABIB
Savings and Investments Limited

2019-20/CAD/AQ/PSX/1070 **FORM - 4**

September 30, 2019

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir

**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING**

Enclosed please find a copy of the Notice of the Annual General Meeting to be held on October 24, 2019 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

**Amir Qadir**
Company Secretary

encl

**MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited**
**Head Office:** 24th Floor, Centrepoint, Off Shaheed-e-Millat Expressway, Near K.P.T. Interchange, Karachi-74900
UAN: (+92-21) 11-11-62224 (11-11-MCB-AH), 111-468-378 (111-INVEST), Fax: (+92-21) 35316080, 35316081, URL: www.mcbah.com, Email: info@mcbah.com

MCB-ARIF HABIB
Savings and Investments Limited

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Nineteenth (19th) Annual General Meeting of MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited will be held on Thursday, October 24, 2019 at 11:45 a.m. at Sapphire Hall, Ramada Creek, Zulfiqar Street 1, DHA Phase VIII, Karachi – Pakistan to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on October 26, 2018;

2. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2019 together with Directors' and Auditors' Reports thereon;

3. To declare and approve final cash dividend of 13.5 per cent i.e. Re. 1.35 per ordinary share of Rs. 10/- each for the year ended June 30, 2019, as recommended by the Board of Directors;

4. To appoint external auditors of the Company for the year ending June 30, 2020 and fix their remuneration. The Board of Directors, on the recommendation of Audit Committee of the Company, has proposed the appointment of M/s KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants as external auditors for the year ending June 30, 2020; and

5. To transact any other business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**
**Amir Qadir**
**Company Secretary**

October 01, 2019
Karachi

**Notes:**

**1. Book Closure Notice**
The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Thursday, October 17, 2019 to Thursday, October 24, 2019 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400, by the close of business (5:00 p.m.) on Wednesday, October 16, 2019, will be considered in time for the determination of the entitlement of the shareholders to final cash dividend and to attend and vote at the meeting.

**2. Appointment of Proxy and Participation in the AGM**
A member entitled to attend, speak and vote at the Annual General Meeting is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend, speak and vote for his/her behalf. A proxy need not be a member of the Company. A proxy shall also have the right to demand and join in demanding a poll and vote on a poll.

The instrument appointing proxy, together with the power of attorney or other authority under which it is signed, as the case may be, or a notarially certified copy of the power or authority, must be deposited at the Registered Office of the Company at least 48 hours before the time of the meeting. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company. Form of Proxy is enclosed in English and Urdu language.

Beneficial owners of the physical shares and the shares deposited with the Central Depository Company of Pakistan Ltd. (CDC) and / or their proxies are required to produce their **original Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport for identification purpose at the time of attending the meeting.**

**3. Notice of Submission of Valid CNIC Copies (Mandatory)**
SECP vide SRO No. 831(1)/2012 dated July 05, 2012 directed the companies to issue dividend warrant only crossed as "A/c Payee only" which should bear the Computerized National Identity Card (CNIC) of the registered member or authorized person. Moreover, pursuant to the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, CNIC numbers of shareholders are mandatorily required to be mentioned on Tax/Zakat/dividend certificate.

Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC, are requested to submit the same along with folio number, at the earliest, directly to the Company's Share Registrar.

**4. Payment of Cash Dividend Electronically (Mandatory)**
Under section 242 of Companies Act, 2017 (the Act) and the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, every listed company is required to pay dividend, if any, to their members compulsorily through electronic mode by directly crediting the same in their bank account provided by them. The Company shall be bound to withhold dividend of those members who do not provide their bank details. Members are required to provide to the Company's Share Registrar, particulars relating to name, folio number, bank account number, title of account, complete mailing address of the bank. CDC account holders should submit their request directly to their broker (participant)/CDC. A Dividend Mandate Form is available at the Registered Office of the Company and the same are also placed on the Company's website.

**5. Deduction of Withholding Tax on the Amount of Dividend** under Section 150 the Income Tax Ordinance, 2001 (Mandatory)
(i) Pursuant to the provisions of the Finance Act 2019, effective July 1, 2019, the rates of deduction of income tax from dividend payments under the Income Tax Ordinance have been revised as follows:
a) Rate of tax deduction for persons appearing in the Active Tax Payers List: 15 per cent
b) Rate of tax deduction for persons not appearing in the Active Tax Payers List: 30 per cent

The tax deduction on the amount of cash dividend @ 15 per cent shall be made for the payment of dividend to shareholders whose names are entered in the Active Tax Payers List provided on the website of FBR, before close of business hour (5:00 p.m.) on Wednesday, October 16, 2019 otherwise tax on the cash dividend will be deducted @ 30 per cent instead of 15 per cent. Active Tax Payers List is available at Federal Board of Revenue's (FBR) website: http://www.fbr.gov.pk

(ii) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

The required information must reach our Share Registrar by the close of business (5:00 p.m) on Wednesday, October 16, 2019; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar, in writing as follows:

| Folio/ CDC A/c No. | Total number of shares | Principal Shareholders | | Joint Holder (s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

(iii) The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Company or Share Registrar. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote Company name and their respective folio numbers.

For any query/problem/information, the investors may contact the Company and/or the Share Registrar at the following phone Numbers, email addresses:

For any query/problem/information, the investors may contact the Company and/or the Share Registrar at the following phone Numbers, email addresses:

Company: **MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited**
UAN: 11-11-622-24 email: info@mcbah.com

Share Registrar: **CDC Share Registrar Services Limited**
Tel #: 0800-23275 email: info@cdcsrsl.com

**6. Change in Members Addresses**
Members' are requested to immediately notify any change in their address to the Share Registrar of the Company.

**7. Unclaimed Dividend**
Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend, if any, are advised to contact our Share Registrar to collect / enquire about their unclaimed dividend, if any. In compliance with Section 244 of the Companies Act, 2017, after having completed the stipulated procedure, all such dividend outstanding for a period of 3 years or more from the date due and payable shall be deposited to the Federal Government in case of unclaimed dividend.

**8. Placement of Audited Financial Statements on the Website**
The financial statements for the year ended June 30, 2019 and reports have been placed on the Company's website: www. mcbah.com.

**9. Circulation of Annual Audited Financial Statements and Notice of AGM through emails**
In terms of Section 223(7) of the Companies Act, 2017, the Company is allowed to send financial statements and reports to its members electronically. Moreover, pursuant to S.R.O. 787(I)/2014 dated September 8, 2014, issued by the SECP, companies are permitted to circulate Annual Audited Financial Statements along with Notice of Annual General Meeting to its members through e-mail who opt for purpose.

Shareholders who wish to receive annual reports and notice of general meetings through e-mails are requested to provide, through a Consent Form, available at the Company's website: www.mcbah.com, duly signed by them, their particulars i.e. Name, Folio / CDC A/C No., email address, contact number, CNIC number or valid passport (in case of foreign shareholder). Shareholders are also requested to notify immediately any change in their email address to the Share Registrar of the Company. It will be the responsibility of members to intimate any change in their valid registered email address to the Company in timely manner.

**10. Video-link Facility**
If the members holding 10 per cent of the total paid up capital or such other percentage of the paid up capital as may be specified by the Commission, are resident in any other city, the Company shall provide the facility of video-link to such members for attending Annual General Meeting of the Company, if so required by such members in writing to the Company at least seven days (7) before the date of the meeting.

Consent for Video-link Facility

I/We, of being a member of MCB-Arif Habib Savings & Investments Limited holder of Ordinary Share(s) as per Register Folio/CDC Participant ID & Sub-Account/Investor Account No. ______________ hereby opt for participation in the Annual General Meeting to be held on October 24, 2019 or any adjourned meeting through video-link facility at ______________ (Please insert name of the City).

______________
Signature of member

**MCB-ARIF HABIB**
**Savings and Investments Limited**

# سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع

اطلاع دی جاتی ہے کہ ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کا انیسواں (19th) سالانہ عمومی اجلاس 24 اکتوبر 2019ء کو صبح 11:45 بجے سمامہ ٹربال روم، دوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII کراچی، پاکستان میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور پر غور و خوض کیا جائے گا:

عمومی کاروبار:

۱۔ سابقہ سالانہ عمومی اجلاس منعقدہ 26 اکتوبر 2018ء کے اہم نکات کی تصدیق

۲۔ 30 جون 2019 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالیاتی گوشواروں، ان پر آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ کی وصولی، ان پر غور و بحث اور ان کو اختیار کرنا

۳۔ ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون 2019 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد ڈیویڈنڈ 13.5 فیصد یعنی -/10 روپے والے عمومی شیئر پر 1.35 روپے فی شیئر کا اعلان اور منظوری

۴۔ 30 جون 2020 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے خارجی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین؛ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 30 جون 2020 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس بطور کمپنی کے خارجی آڈیٹرز تقرری کی پیشکش کی ہے۔

۵۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی اور معاملہ زیر غور لانا

بحکم بورڈ

عامر قادر
کمپنی سیکریٹری

01 اکتوبر 2019ء
کراچی

اہم نکات:

۱۔ بُک بند ہونے کی اطلاع

کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بُکس جمعرات، 17 اکتوبر 2019ء تا جمعرات، 24 اکتوبر 2019ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ بند ہونے، 16 اکتوبر 2019 کو اوقات کار کے اختتام (شام 5 بجے) تک ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر بمقام سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی -74400 میں موصول ہونے والے ٹرانسفر آرڈرز کو بروقت مانا جائے گا اور ٹرانسفر کرنے والوں کو حتمی نقد ڈیویڈنڈ حاصل کرنے اور سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت اور ووٹ کی اجازت ہوگی۔

۲۔ پراکسی کی تقرری اور سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت

جس رُکن کو سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت، کلام اور ووٹ کا حق حاصل ہے اُس کو کسی اور شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرکے اُسے اپنی جانب سے شرکت، کلام اور ووٹ کا حق تفویض کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا رُکن ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی کو رائے شماری کا مطالبہ کرنے اور اپنے مطالبے کا حصہ بننے اور رائے شماری میں ووٹ دینے کا حق بھی ہوتا ہے۔

پراکسی کی تقرری کی دستاویز بمع پاور آف اٹارنی یا کوئی اور اجازت نامہ جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا پاور آف اٹارنی یا اجازت نامے کی نوٹری پبلک سے مصدقہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹوں قبل جمع کرائی جائے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمع دستخط کا نمونہ بھی کمپنی میں جمع کرایا جائے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔ پراکسی فارم انگریزی اور اردو زبان میں منسلک ہے۔

تجارتی حصص اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) میں جمع کرائے گئے حصص کے مستفید مالکان اور / یا ان کے پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھانا ضروری ہے۔

۳۔ درست CNIC کی نقل کی فراہمی (لازمی) کی اطلاع

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے SRO نمبر 831(1)/2012 تاریخ 05 جولائی 2012ء میں کمپنیوں کو ہدایت جاری کی کہ ڈیویڈنڈ وارنٹ صرف "A/c Payee only" کے طور پر جاری کرے جس پر رجسٹرڈ رُکن یا مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر درج ہو۔ علاوہ ازیں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017ء کی تعمیل میں ٹیکس / زکوٰۃ / ڈیویڈنڈ سرٹیفکیٹس پر حصص یافتگان کے CNIC نمبر لازمی طور پر درج ہونے چاہئیں۔

جن ارکان نے تاحال اپنے درست CNIC کی مصدقہ نقل جمع نہیں کرائی ہے ان سے گزارش ہے کہ براہ راست کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے یہاں جلد از جلد جمع کرا دیں (بشمول فولیو نمبر)۔

۴۔ نقد ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017ء کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے ارکان کو ڈیویڈنڈ دینے کے لیے صرف الیکٹرانک ذریعے سے ان کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کرائے۔ کمپنی پر لازم ہے کہ جو ارکان اپنے بینک کی تفصیلات فراہم نہ کریں ان کا ڈیویڈنڈ روک لے۔ چنانچہ ارکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مندرجہ ذیل کوائف فراہم کر دیں: نام، فولیو نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، اکاؤنٹ کا ٹائٹل، بینک کا مکمل ڈاک پتہ۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ حاملین اپنی درخواست براہ راست اپنے بروکر (پارٹیسپنٹ) / سی ڈی سی کے یہاں جمع کرا دیں۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں بھی دستیاب ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

۵۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ پر وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی (لازمی)

(i) یکم جولائی 2019ء سے مؤثر فنانس ایکٹ 2019ء کی شرائط کی تعمیل میں ڈیویڈنڈ میں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحوں میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی گئی ہیں:

a) متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں آنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح: 15 فیصد

b) متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں نہ آنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح: 30 فیصد

نقد ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد ٹیکس کٹوتی کا اطلاق ان حصص یافتگان پر ہوگا جن کے نام پہلے، 16 اکتوبر 2019 کو اوقات کار کے اختتام (شام بجے) سے قبل فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہوں گے، ورنہ نقد ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ہوگا۔ متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ہے۔

۵۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ پر وِد ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی (لازمی)

(i) یکم جولائی 2019ء سے مؤثر فائنانس ایکٹ 2019ء کی شرائط کی تعمیل میں ڈیویڈنڈ میں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحوں میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی گئی ہیں:

a) متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں آنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح: 15 فیصد

b) متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں نہ آنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح: 30 فیصد

نقد ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد ٹیکس کٹوتی کا اطلاق اُن حصص یافتگان پر ہوگا جن کے نام بروز 16 اکتوبر 2019ء کو اوقاتِ کار کے اختتام (شام پانچ بجے) سے قبل فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہوں گے، ورنہ نقد ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ہوگا۔ متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ہے۔

(ii) مزید برآں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق وِد ہولڈنگ ٹیکس اصل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر(ز) کے فائلر / نان فائلر ہونے پر، اور اس کے ساتھ ساتھ مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں حصص یافتگی کے تناسب کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ نکالا جائے گا۔

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار تک بروز 16 اکتوبر 2019ء کو اوقاتِ کار کے اختتام (شام پانچ بجے) سے قبل پہنچ جانی چاہیے ورنہ یہ فرض کر لیا جائے گا کہ شیئرز اصل اور مشترکہ حصص یافتگان کے درمیان مساوی تقسیم ہیں۔

اس ضمن میں تمام مشترکہ حصص یافتگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اصل شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر(ز) کے حصص یافتگی کے تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل انداز میں فراہم کریں:

| فولیو / سی ڈی سی / اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | پرنسپل شیئر ہولڈرز | | مشترکہ حصص یافتگان | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

(iii) سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپنے پارٹیسپنٹس کے یہاں اپ ڈیٹ کرالیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل حصص یافتگان اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں۔ دونوں صورتوں میں کمپنی کا نام اور اپنا فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات کے لیے کمپنی اور / یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں:

کمپنی: ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ

UAN: 11-11-622-24

ای میل: info@mcbah.com

شیئر رجسٹرار: سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

فون: 0800-23275

ای میل: info@cdcsrsl.com

۶۔ ارکان کے پتے میں تبدیلی

ارکان سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

۷۔ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ

جو حصص یافتگان کسی بھی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ نہیں لے سکے ہیں ان سے گزارش ہے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر کے اپنا ڈیویڈنڈ (اگر کوئی ہے تو) لے جائیں یا اس کے بارے میں معلومات کرالیں۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی تعمیل میں 3 سال کے بعد غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ مقررہ عمل پورا کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے یہاں جمع کرا دیا جائے گا۔

۸۔ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ویب سائٹ پر دستیابی

30 جون 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbah.com پر دستیاب کر دیئے گئے ہیں۔

۹۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (7)223 کے مطابق کمپنی کو اپنے ارکان کو مالیاتی گوشوارے اور رپورٹس الیکٹرانک ذریعے سے ارسال کرنے کی اجازت ہے۔ مزید برآں، SECP کے جاری کردہ SRO 787(1)/2014 تاریخ 8 ستمبر 2014 کے مطابق کمپنی اپنے اُن ارکان تک سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بمع سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع بذریعہ ای میل ترسیل کر سکتی ہے جو اس ذریعے کا انتخاب کریں۔

جو حصص یافتگان سالانہ رپورٹس اور عمومی اجلاس کی اطلاع بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن سے گزارش ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbah.com پر دستیاب کنسینٹ فارم کے ذریعے اپنے کوائف یعنی نام، فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس، رابطہ نمبر، CNIC نمبر یا (غیر ملکی شیئر ہولڈر کی صورت میں) پاسپورٹ فراہم کریں۔ حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس میں تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔ درست رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی سے کمپنی کو بروقت مطلع کرنا ارکان کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۰۔ ویڈیو لنک کی سہولت

جو ارکان کل paid-up کیپٹل کے 10 فیصد یا کمیشن کے متعین کردہ کسی اور تناسب کے حامل ہیں اور کسی اور شہر میں مقیم ہیں وہ کمپنی کے سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک سہولت کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور کمپنی ان کو مذکورہ سہولت فراہم کرے گی۔ اس کے لیے اجلاس سے کم از کم سات (7) دن قبل مذکورہ ارکان کی طرف سے تحریری درخواست جمع کرائی جائے۔

**ویڈیو لنک سہولت کے لیے اظہارِ رضامندی**

میں / ہم ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کے عمومی حصص بمطابق رجسٹر فولیو / سی ڈی سی پارٹیسپنٹ ID اور سب۔اکاؤنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ________ کا / کی / کے حامل رُکن کی حیثیت سے سالانہ عمومی اجلاس منعقدہ 24 اکتوبر 2019ء یا کسی بھی التواء شدہ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک سہولت بمقام ________ (شہر) شامل ہونا چاہتا / چاہتی ہوں / چاہتے ہیں۔

________

دستخط رُکن